بچی کانام بطحاء رکھنا

مجیب: مولانامحمدعلی عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2880

تاریخ اجراء: 11 محرم الحرام1446ھ /18جولائی2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بچی کا بطحاء نام رکھنا کیسا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

بطحاء نام رکھنا درست ہے۔اس کا معنی ہے: کشادہ وادی / نالہ، جس میں ریت و کنکر ہوں۔

البتہ ! بہتر یہ ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، نانیوں، دادیوں، صحابیات رضی اللہ عنھن اور دوسری نیک خواتین میں سے کسی کے نام پر بچی کا نام رکھا جائے، اس سے امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہو گی۔

بطحاء کے معنی کے متعلق المغرب فی ترتیب المعرب میں ہے:"(البطحاء) مسیل ماء فیہ رمل و حصی ومنھا بطحاء مکۃ "ترجمہ: بطحاء، ایسے پانی کی گزر گاہ جس میں ریت و کنکر ہوں، اسی سے ہے بطحاء مکہ۔"(المغرب فی ترتیب المعرب، ص 45، دار الکتاب العربي)

المنجد میں ہے "البطحاء۔۔۔کشادہ نالہ، جس میں ریت اور چھوٹی کنکریاں ہو۔"(المنجد، ص 61، مطبوعہ: لاہور)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے:"تسموا بخیارکم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:"بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔"(بہار شریعت، جلد3، حصہ 15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ:ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں،وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔نیچے دئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net